Series ψYZXW

Set-4

کوڈ Q.P.

Q.P. Code **5A**

رول نمبر

Roll No.

امیدوار .Q.P کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (کورس A)

# URDU (Course A)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80

*Maximum Marks : 80*

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 12 ہے۔
- سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا .Q.P کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 18 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔**
- سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

**ہدایات :**

(i) یہ سوالنامہ **چار** حصّوں پر مشتمل ہے جس میں 18 سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) حصہ **'الف'** - 'عبارت فہمی اور شعر فہمی' - 20 نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ **'ب'** - 'تحریری مہارت' - 25 نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ **'ج'** - 'عملی قواعد' - 20 نمبر کا ہے۔

(v) حصہ **'د'** - 'ادب' - 15 نمبر کا ہے۔

(vi) ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔

***Instructions :***

*(i) This Question paper contains **four** Sections and **18** Questions.*

*(ii) Section - **A** 'Reading and Comprehension' carries **20** marks.*

*(iii) Section - **B** 'Writing Skills' carries **25** marks.*

*(iv) Section - **C** 'Functional Grammar' carries **20** marks.*

*(v) Section - **D** 'Literature' carries **15** marks.*

*(vi) Attempt answer as per the instructions.*

## حصہ - الف : عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## Section - A : Reading and Comprehension

1. مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے : $5 \times 1 = 5$

زبان اپنے وسیع معنی میں خیالات ظاہر کرنے کا ذریعہ ہے۔ جانوروں کی چیخیں بھی ایک حد تک زبان کہی جا سکتی ہیں بشرطیکہ ان کے دل کی حالت ظاہر کریں۔ الفاظ بامعنی آوازیں ہیں۔ چرند اور پرند بھی ایسی آوازیں نکالتے ہیں جن کے معنی ہوتے ہیں۔ وہ خوف ظاہر کرتے ہیں۔ خوشی اور خواہش بھی ظاہر کر سکتے ہیں مگر اپنے خیالات ظاہر نہیں کر سکتے۔ جانداروں میں ایک انسان ہی ہے جو کچھ وہ محسوس کرتا اور سوچتا ہے اس کو بیان بھی کر سکتا ہے۔ زبان وہ چیز ہے جس پر تمام انسانی تعلقات قائم

ہیں۔ یہ الفاظ سے بنتی ہے اور الفاظ سانچہ ہیں جن میں خیالات ڈھلتے ہیں، چنانچہ ہر لفظ جو کسی چیز کے لیے بنتا ہے اس میں کوئی نہ کوئی خیال لپٹا ہوتا ہے۔

(i) خیالات کے اظہار کا ذریعہ کیا ہے؟

(A) معنی (B) تعلیم

(C) زبان (D) احساس

(ii) بامعنی آوازیں کسے بتایا گیا ہے؟

(A) زبان (B) الفاظ

(C) خیالات (D) اشارہ

(iii) انسانی تعلقات کس چیز پر قائم ہیں؟ **ایک لفظ** میں جواب لکھیے۔

(iv) جانداروں میں انسان کی خصوصیات کیا ہیں؟ **ایک جملے** میں جواب لکھیے۔

(v) الفاظ اور خیالات کا کیا تعلق ہے؟ **ایک جملے** میں جواب لکھیے۔

2. مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے : **5 × 1 = 5**

چشتی نے جس زمین میں پیغام حق سنایا نانک نے جس چمن میں وحدت کا گیت گایا
تاتاریوں نے جس کو اپنا وطن بنایا جس نے حجازیوں سے دشتِ عرب چھڑایا
میرا وطن یہی ہے، میرا وطن یہی ہے
یونانیوں کو جس نے حیران کر دیا تھا سارے جہاں کو جس نے علم و ہنر دیا تھا
مٹی کو جس کی حق نے زر کا اثر دیا تھا ترکوں کا جس نے دامن ہیروں سے بھر دیا تھا
میرا وطن یہی ہے، میرا وطن یہی ہے

(i) مندرجہ بالا شعری حصہ کس خیال پر مبنی ہے؟

(a) حب الوطنی (b) عشق

(c) فطرت (d) غم

(ii) اس اقتباس میں لفظ 'حق' کتنی مرتبہ دوہرایا گیا ہے؟

(a) ایک (b) دو

(c) تین (d) چار

(iii) حجازیوں سے کون سا ملک چھڑایا؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) ''نانک'' سے کس مشہور بزرگ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) ترکوں کے ساتھ کیا ہوا تھا؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

3. مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

بچپن میں سرسید پر نہ تو ایسی قید تھی کہ کھیلنے کودنے کی بالکل پابندی ہو اور نہ ایسی آزادی تھی کہ جہاں چاہیں اور جن کے ساتھ چاہیں کھیلتے کودتے پھریں۔ ان کی بڑی خوش نصیبی یہ تھی کہ خود ان کے ماموں ان کی خالہ اور دیگر نزدیکی رشتہ داروں کے چودہ پندرہ لڑکے ان کے ہم عمر تھے جو آپس میں کھیلنے کودنے کے لیے کافی تھے۔ اس لیے انھیں نوکروں اور اجلافوں کے بچوں اور اشرافوں کے آوارہ لڑکوں سے ملنے جلنے اور ان کے ساتھ کھیلنے کا کبھی موقع نہیں ملا۔ ان کے بزرگوں نے یہ اجازت دے رکھی تھی کہ جس کھیل کو تمھارا جی چاہے شوق سے کھیلو مگر کسی کھیل کو چھپا کر مت کھیلو۔ اس لیے سب لڑکے جو کھیل کھیلتے تھے اپنے بڑوں کے سامنے کھیلتے تھے۔ ان کے کھیلوں میں کوئی بات ایسی نہ ہوتی تھی جو اپنے بزرگوں کے سامنے نہ کرسکیں۔

(i) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) الطاف حسین حالؔی (b) سعادت حسن منٹو

(c) مولوی عبدالحق (d) اسلم پرویز

(ii) یہ اقتباس ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(a) غزل (b) سوانح

(c) نظم (d) ڈراما

(iii) اقتباس میں لفظ ''قید'' کا متضاد تلاش کیجیے۔

(iv) چودہ پندرہ ہم عمر لڑکے کون تھے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) بزرگوں نے کیا اجازت دے رکھی تھی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

4. درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے:
**5 × 1 = 5**

ماؤں کے کاندھے پر بچے گردنیں ڈالے ہوئے
بھوک کی آنکھوں کے تارے، پیاس کے پالے ہوئے
بام و در لرزے ہوئے خورشید کے آفات سے
ہر نفس اک آنچ سی اُٹھتی ہوئی ذرّات سے
مردوزن گردش میں چیلوں کی صدا سنتے ہوئے
چلچلاتی دھوپ کی رو میں چنے بھنتے ہوئے
یوں شعاعیں سایۂ اشجار سے چھنتی ہوئی
میان سے موسم کی تیغ بے اماں نکلی ہوئی

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) آندھی

(b) او دیس سے آنے والے بتا !

(c) گرمی اور دیہاتی بازار

(d) جلوہ دربار دہلی

(ii) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟ لکھیے۔

(a) کیفیؔ

(b) اکبرؔ

(c) جوشؔ

(d) سوداؔ

(iii) پیاس کے پالے ہوئے کون ہیں ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) بام و در کیوں لرزے ہوئے ہیں ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) کون کس کی صدا سن رہا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

## حصہ - ب : تحریری مہارت (25 نمبر)

## Section - B : Writing Skills

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** پر 250-300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے : 10 × 1 = 10

(i) بے روزگاری اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل

(ii) قومی اتحاد ملک کی ترقی کیلئے ضروری

(iii) کووِڈ-19 بیماری کے عام زندگی پر اثرات

6. اپنی بڑی بہن کو خط لکھ کر اسے دسویں جماعت میں پاس ہونے کی مبارک باد دیجیے۔ 1 × 4 = 4

**OR / یا**

اپنے اسکول کی لائبریری میں اردو اخبارات منگانے کے لیے پرنسپل / صدر مدرس کے نام درخواست لکھیے۔

7. سرسید احمد خان کی زندگی کے اہم واقعات 100 الفاظ میں لکھیے۔ 1 × 4 = 4

**OR / یا**

ڈرامہ آزمائش کا خلاصہ 100 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

8. اکبر الہ آبادی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ 100 الفاظ میں لکھیے۔ 1 × 3 = 3

**OR / یا**

نظم ''او دیس سے آنے والے بتا!'' کا خلاصہ 100 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

9. افسانہ ''آئی۔سی۔ایس۔'' **یا** ''دو فرلانگ لمبی سڑک'' میں آپ سب سے زیادہ کس کہانی سے متاثر ہیں اور کیوں؟ 100 الفاظ میں جواب لکھیے۔ 1 × 4 = 4

## حصہ - ج : عملی قواعد (20 نمبر)

## Section - C : Functional Grammar

10. (i) زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟ اور ہر قسم کی ایک مثال بھی لکھیے۔ 1 × 3 = 3

(ii) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟ $1 \times 1 = 1$

(a) فعلِ مشعدی (b) فعلِ مجہول

(c) فعلِ لازم (d) فعلِ ناقص

(iii) فعلِ ناقص کہتے ہیں... $1 \times 1 = 1$

(a) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔

(b) وہ جملہ جس میں ''ناقص'' لفظ استعمال ہو۔

(c) وہ فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا مکمل طور پر واضح نہیں ہوتا۔

(d) وہ فعل جس میں کام کا اثر مفعول پر پڑے۔

11. لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

(i) اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت کا نام اور اس کی تعریف لکھیے۔ $1 \times 3 = 3$

(ii) شعر میں کسی بات کا وہ سبب بیان کرنا جو حقیقت میں اس کا سبب نہ ہو، کیا کہلاتا ہے؟ $1 \times 1 = 1$

(a) تضاد (b) تلمیح

(c) تعلیل (d) تشبیہ

(iii) وہ لفظ جو اپنے اصلی معنی کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال کیا جائے اور دونوں معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو، کیا کہلاتا ہے؟ $1 \times 1 = 1$

(a) استعارہ (b) کنایہ

(c) تشبیہ (d) تلمیح

12. (i) درج ذیل محاوروں میں سے صرف **تین** کو جملوں میں استعمال کیجیے : 1 × 3 = 3

(a) نزلہ گرنا (b) ہکّا بکّا ہونا

(c) باغ باغ ہونا (d) خون کھولنا

(e) ہاتھ نہ لگانا

(ii) ''مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے'' کیا ہے؟ 1 × 1 = 1

(a) کہاوت (b) محاورہ

(c) جملہ (d) کلام

(iii) ''شیروشکر ہونا'' کے کیا معنی ہیں ؟ 1 × 1 = 1

(a) گُھل مل جانا (b) مہنگائی بڑھنا

(c) زیادہ میٹھا (d) شیر کا شکار کرنا

13. (i) اس علامت'' - '' کا نام کیا ہے؟ 1 × 1 = 1

(a) فجائیہ (b) ختمہ

(c) وقفہ (d) سوالیہ

(ii) وہ نشان بنائیے جو جملے میں سوالیہ اظہار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ 1 × 1 = 1

14. (i) مطلع کسے کہتے ہیں ؟ 1 × 2 = 2

(ii) فانیؔ ! جس میں آنسو کیا، دل کے لہو کا کال نہ تھا
ہائے وہ آنکھ اب پانی کی دو بوندوں کو ترستی ہیں

یہ شعر کیا ہے؟ $1 \times 1 = 1$

(a) مطلع (b) حسنِ مطلع

(c) مقطع (d) قطعہ

حصہ - د : ادب (15 نمبر)

## Section - D : Literature

15. درسی کتاب کے نثری حصّے سے پوچھے گئے درج ذیل سوالات میں سے صرف **دو** سوالوں کے جواب لکھیے : $2 \times 2 = 4$

(i) بھولا کے گیتا کو شوق سے سننے کی کیا وجہ تھی ؟

(ii) استاد منگو کو انگریزوں سے آخر اتنی نفرت کیوں تھی ؟

(iii) مضمون ''مخلوط زبان'' کی روشنی میں اردو زبان کی خصوصیات بتائیے۔

(iv) اخبارات میں اشتہارات کیوں چھپوائے جاتے ہیں ؟

16. درسی کتاب کے شعری حصّے سے پوچھے گئے درج ذیل سوالات میں سے صرف **دو** سوالوں کے جواب لکھیے : $2 \times 2 = 4$

(i) ''نسیم تیری سی چھاتی کے پار گزرے ہے''۔ اس مصرعے کا کیا مطلب ہے؟

(ii) حضرت خضرؑ کس لیے مشہور ہیں ؟

(iii) ''خیموں کا اک جنگل دیکھا''۔ اس مصرعے کے ذریعے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

(iv) نظم ''او دیس سے آنے والے بتا !'' میں کنعانِ وطن سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

17. معاون درسی کتاب ''گلزارِ اردو'' سے پوچھے گئے درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب لکھیے :  $2 \times 2 = 4$

(i) افسانہ ''فقیر'' کی روشنی میں بتائیے کہ مصنف کو فقیروں کی کون سی باتیں ناپسندیدہ ہیں ؟

(ii) افسانہ ''گلی ڈنڈا'' کے مرکزی کردار اور مصنف کا نام بتائیے۔

(iii) ان دیوتا کو برہما نے کیا سندیس بھیجا تھا ؟

(iv) محمد طفیل اور جگر صاحب کی پہلی ملاقات کس طرح ہوئی ؟

18. درج ذیل اصناف میں سے کسی **ایک** پر نوٹ لکھیے :  $1 \times 3 = 3$

(a) ڈرامہ    (b) نظم    (c) سوانح

---